# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

شعبہ تعلقات عامہ

بتاریخ:5فروری2018

الیکشن کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ نوٹیفیکیشن نمبر F.3(1)/2018-Cord(1) مجریہ4فروری2018 کے تحت ریٹرننگ آفیسر /ایڈیشنل سیکرٹری(TRE)الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد نے سینٹ انتخابات 2018 کے سلسلے میں اسلام آباد سے جنرل اور ٹیکنو کریٹ (بشمول عالم) کی نشست پر انتخابات کے لیے پبلک نوٹس جاری کر دیا ہے۔ جس کے تحت:

- کاغذات نامزدگی الیکشن کمیشن سیکریٹریٹ واقع شاہراہ دستور G-5/2 اسلام آباد میں 6فروری تا10 فروری 2018تک وصول کیے جائیں گے۔
- نامزد امیدواروں کے ناموں کی اشاعت 11فروری2018 کو ہو گی۔
- کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کی آخری تاریخ13فروری2018کو ہو گی۔
- کاغذات نامزدگی منظور یا مسترد ہونے کے خلاف ٹریبونل میں اپیل دائر کرنے کی آخری تاریخ 16فروری 2018ہو گی۔
- ٹریبونل کی جانب سے اپیلوں پر فیصلوں کی آخری تاریخ 19فروری2018 ہو گی۔
- امیدواروں کی Revisedفہرست کی اشاعت 20فروری2018 کو ہو گی۔
- کاغذات نامزدگی کی واپسی کی آخری تاریخ21فروری2018 ہو گی۔
- پولنگ 3مارچ2018کو پارلیمنٹ ہاوس اسلام آباد میں ہو گی۔

****